9

عزت مآب سیکریٹری،

الیکشن کمیشن آف پاکستان،

اسلام آباد۔

تاریخ:02-04-2018

عنوان: درخواست برائے درستگی حلقہ بندی PS-126 ڈسٹرکٹ سینٹرل کراچی۔

جناب اعلیٰ،

میں درخواست گزار محمد فاروق میمن ولد محمد احمد قاسم شناختی کارڈ نمبر:7-1642659-42101 پتہ مکان نمبر:1651/3 میمن کالونی گلبرگ، کراچی ووٹر نمبر سلسلہ نمبر 95 گھرانہ نمبر 89۔ گزارش کرتا ہوں کہ موجودہ حلقہ بندی برائے PS126 درست نہیں ہے برائے مہربانی میری دی گئی تجاویز پر غور کیا جائے جو کہ تمام ضلع کے نقشوں اور تفصیلات کے ساتھ مندرجہ ذیل ہے۔

1۔ PS126 کی جو حلقہ بندیاں کی گئی ہیں الیکشن ایکٹ 2017 سیکشن 20 کی صریحاً خلاف ورزی ہے۔

2۔ PS126 میں بسنے والی اسماعیلی اور میمن برادری کے ووٹرز کو دانستہ طور پر دو حلقوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان برادریوں کے ووٹرز کو نقصان پہنچایا جائے۔

3۔ اسماعیلی اور میمن برادری کے رسم و رواج، مزاج، معاشی مسائل اور مذہبی و فقہی طور پر لیاقت آباد کے رہائشوں سے قطعی طور پر الگ تھلگ ہیں۔

4۔ موجودہ PS126 کی حلقہ بندی کو دانستہ طور پر لیاقت آباد سب ڈویژن کو گلبرگ سب ڈویژن میں شامل کیا گیا ہے یعنی دو سب ڈویژن پر مشتمل حلقہ بندی کی گئی ہے۔

5۔ جبکہ گلبرگ سب ڈویژن اپنے طور پر ایک مکمل صوبائی حلقہ بن سکتا ہے جو میں نے تجویز کیا ہے۔

6۔ PS126 کی حلقہ بندی کو گلبرگ سب ڈویژن تک ہی محدود رکھا جا سکتا ہے جو کہ الیکشن ایکٹ 2017 سیکشن 20 کے تمام تقاضوں اور اس کی آبادی کو پورا کرے گا۔

2

7۔ گلبرگ/فیڈرل بی ایریا میں بسنے والوں کے رسم ورواج اور طور طریقے لیاقت آباد کے رہائشیوں سے مختلف ہیں میمن اور اسماعیلی برادریاں آپس میں ہی گھلنے ملنے کو ہی فوقیت دیتے ہیں۔

8۔ PS126 کو گلبرگ سب ڈویژن تک ہی محدود رہنا چاہیے۔

9۔ گلبرگ سب ڈویژن میں رہائش پزیر میمن اور اسماعیلی برادری کی کراچی کی ترقی میں ایک اہم کردار رہا ہے اور یہ برادریاں پرامن اور تجارت پیشہ افراد پر مشتمل ہے ان کی تقسیم سے ان کو سماجی اور معاشی نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔

عین نوازش ہوگی۔

درخواست گزار

فاروق میمن

0300 2731636